انٹرنیٹ اور اسکول کے کمپیوٹر نیٹ ورک
کے قابل قبول استعمال سے متعلق پالیسی

جواز

چوں کہ تمام طلباء پورے نصاب میں اپنی آموزش کو افزوں کرنے کے لئے ICT کا استعمال کرنے کے خواہاں ہوتے ہیں، لہذا وہ سبھی انٹرنیٹ پر موجود مواد کے ساتھ تعامل کرتے ہیں۔ اساتذہ کو چاہئے کہ وہ ایسی موزوں ویب سائٹوں تک طلباء کی رہنمائی کریں جہاں اس طرح کی ویب سائٹوں کے استعمال سے ان کی آموزش میں مدد ملے اور ان کے آموزشی تجربے کے معیار میں بہتری آئے۔ اپنے طلباء کو کسی بھی موجود خطرے سے محفوظ رکھنے کے لئے، انہیں انٹرنیٹ پر پائے جانے والے مواد تک کھلی رسائی کے خطرات سے بچائے رکھنے کے لئے موزوں اقدامات اختیار کرنا اور جہاں اس کے فوائد واضح طور پر نظر آئیں وہاں ان کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرنا اسکول کے عملے کی ذمہ داری ہے۔

مقاصد

ایک منضبط اور زیر نگرانی انداز میں انٹرنیٹ کا استعمال کرنے میں اسکول:

- طلباء کو ایسی صورت میں انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے کی ترغیب دیتا ہے جب یہ ان کے لئے سود مند ہو اور جہاں اس طرح کے استعمال سے شمالی آئرلینڈ کے نصاب اور موضوع کی جزئیات کے تئیں ان کی سمجھ بوجھ میں اعانت ملے
- یہ یقینی بناتا ہے کہ طلباء ایسی اہلیتیں حاصل کرتے ہیں جو نہ صرف اسکول میں بلکہ بلوغت کی زندگی میں، تعلیم و تربیت جاری رکھنے میں اور روزگار میں بھی ان کے لئے سود مند ہوں۔
- طلباء کو انٹرنیٹ کا استعمال کرتے وقت ناپسندیدہ تجربات اور / یا اثرات سے محفوظ رکھتا ہے
- کمپیوٹر کے آلات کا استعمال کرتے وقت طلباء کو دیگر استعمال کنندگان کا خیال رکھتے ہوئے کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے
- انٹرنیٹ اور کمپیوٹر نیٹ ورک کا استعمال کرتے وقت طلباء کو اچھے عمل کی تربیت دیتا ہے

رہنما ہدایات

ہر ایک استاد کو اس قدر لازمی معلومات اور تجربہ حاصل ہوتا ہے کہ اس وسیلے کا استعمال کرنے والے ہر طالب علم پر نگاہ رکھ سکے۔ اساتذہ مستقل طور پر اپنی معلومات اور اہلیتوں کی تازہ کاری کرتے رہتے ہیں تاکہ وہ انٹرنیٹ پر دستیاب موزوں مواد کے ضمن میں طلباء کی رہنمائی کر سکیں۔ اسکول سے باہر، والدین / سرپرست حضرات اس طرح کی رہنمائی کے لئے اسی طرح کی ذمہ داریوں کے حامل ہوتے ہیں جس طرح وہ ٹیلی ویژن، موبائل ٹیلیفونز، موویز، ریڈیو، CDs جیسے اطلاعاتی ذرائع کے ساتھ معمول کا کام انجام دیتے ہیں۔

اگر والدین کو اطلاعات تک رسائی حاصل کرنے کے لئے گھر پر کمپیوٹرز کے استعمال کے تعلق سے کوئی تشویش لاحق ہو تو عملے کو انہیں مشورہ دینے میں مسرّت حاصل ہوتی ہے۔

- اسکول طلباء اور عملے کو انٹرنیٹ تک ایک فلٹرڈ اور زیرنگرانی رسائی کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس کے باوجود بھی، کوئی بھی فلٹرنگ سروس کلی طور پر خامیوں سے پاک نہیں ہو سکتی ہے، اور اساتذہ یہ یقینی بناتے ہیں کہ استعمال کرنے والے طلباء ذمہ دارانہ انداز کے برتاؤ کا مظاہرہ کریں۔
- انٹرنیٹ کے قابل قبول استعمال سے متعلق اسکول کی پالیسی کی کاپی طلب کیے جانے پر والدین کے لئے دستیاب ہے۔
- طلباء اور عملے کو اس بات سے آگاہ کیا جاتا ہے کہ اسکول ان کے ذریعہ دیکھی جانے والی ویب سائٹوں، انٹرنیٹ پر کی جانے والی تلاش کی کارروائیوں اور ان کے ذریعہ ارسال کردہ اور موصولہ ای میلز کا ریکارڈ رکھ سکتا ہے اور اس کا پتہ لگا سکتا ہے۔
- طلباء اور عملہ اس بات سے آگاہ ہے کہ اسکول کے نیٹ ورکس پر موجود فائلوں اور بات چیت پر نگاہ رکھی جاتی ہے۔ یوں تو معمول کی رازداری کا احترام کیا جاتا ہے اور پاس ورڈ کے کنٹرولز کے ذریعہ ان کو محفوظ رکھا جاتا ہے، مگر استعمال کنندگان کو ضرور آگاہ رہنا چاہئے کہ اسکول کے سرورز پر ذخیرہ کردہ فائلیں کلی طور پر اور غیر مشروط طور پر نجی نہیں ہوتی ہیں۔

طلباء کو درج ذیل کام کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے:

- دیگر طلباء اور اسکولوں سے مواصلت کرنے کے لئے ایسی صورت میں ای میل کی سہولیات کا استعمال کرنا جہاں اس طرح کی سرگرمی اسکول کے کام کا حصہ ہے۔
- اسکول کے مضامین کی چھان بین اور تحقیق و تلاش کرنے کے لئے انٹرنیٹ کا استعمال کرنا۔
- ICT کی اہلیتوں اور تحقیق سے متعلق عمومی اہلیتوں میں اپنی استعداد کو فروغ دینا۔

طلباء کو درج ذیل کام کرنے کی اجازت نہیں ہے:

- منظوری کے بغیر، حق اشاعت کے ذریعہ تحفظ یافتہ مواد کو نقل کرنا، محفوظ کرنا اور / یا دوبارہ تقسیم کرنا۔ اگر طلباء کو یقینی طور پر معلوم نہ ہو کہ آیا مواد حق اشاعت کے ذریعہ تحفظ یافتہ ہے یا نہیں تو، ان کی رہنمائی کے لئے اساتذہ مناسب معلومات فراہم کریں گے۔
- کسی خدمت کا خریدار بننا یا کسی سامان اور خدمات کا آرڈر دینا
- کمپیوٹر گیمز کھیلنا یا باہمی طور پر 'چیٹ' والی سائٹوں کا استعمال کرنا
- اس طریقے سے نیٹ ورک کا استعمال کرنا جس سے دیگر استعمال کنندوں کے ذریعہ نیٹ ورک کے استعمال میں خلل پیدا ہو۔
- اجازت کے بغیر سافٹ ویئر یا دیگر فائلیں ڈاؤن لوڈ کرنا
- اسکول کی کسی بھی مشین پر سافٹ ویئر لوڈ کرنا تاوقتیکہ استاد کے ذریعہ اس طرح کی سرگرمی کی اجازت نہ مل جائے
- نامناسب ای میلز بھیجنا
- کسی استعمال کنندہ کے بارے میں کوئی بھی ذاتی معلومات شائع کرنا، اس کا اشتراک کرنا یا اس کو دوبارہ تقسیم کرنا (جیسے: گھر کا پتہ؛ ای میل کا پتہ؛ فون نمبر)
- دیگر استعمال کنندہ کے پاس ورڈ کو استعمال کرنا یا دیگر استعمال کنندگان کو اپنا پاس ورڈ استعمال کرنے دینا
- دوسروں تک کوئی ایسی معلومات پہنچانا، یا کسی ایسی سرگرمی میں مصروف ہونا جس کے نتیجے میں کسی اور طالب علم کے کام کا نقصان ہو یا اس میں خرابی آجائے
- کسی استاد کی موجودگی کے بغیر اسکول کے ذریعہ فراہم کردہ انٹرنیٹ کی خدمات کا استعمال کرنا
- پُرتشدد اطلاعات یا امیجز بازیافت کرنا، بھیجنا، نقل کرنا یا آویزاں کرنا
- ناشائستہ، امتیاز برتنے والا یا نسل پرستانہ زبان استعمال کرنا، دوسروں کو ایذا پہنچانا، ذلیل کرنا یا ان پر حملہ کرنا
- کمپیوٹرز، کمپیوٹر سسٹمز یا کمپیوٹر نیٹ ورکس کو نقصان پہنچانا
- اسکول کے کمپیوٹر کے آلات کو کسی دیگر ایسی سرگرمی کے لئے استعمال کرنا جس سے اسکول کے اصول یا اسکول کی پالیسی کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔